# امتحانی پرچے کا نمونہ

| | |
|---|---|
| پرچہ : اردو | کُل نمبر : ۱۰۰ |
| جماعت : چہارم | وقت : ۳ گھنٹے |

**سوال نمبر ۱ :**

**(الف) دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں پُر کیجیے۔** (۰۵)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بیمار | کوڑے دان | ہم دردی | امانتیں | دوسرے |

۱۔ کافر اپنی ________ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعلیٰ آلِہٖ وَاَصْحابِہٖ وَسَلَّم کے پاس رکھواتے تھے۔

۲۔ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے ________ خلیفہ ہیں

۳۔ کوڑا کرکٹ ہمیشہ ________ میں ڈالنا چاہیے۔

۴۔ گندا رہنے سے ہم ________ ہوسکتے ہیں۔

۵۔ ہمیں اپنے اندر خیر خواہی اور ________ کا جذبہ پیدا کرنا چاہیے۔

**(ب) صحیح جملوں کے آگے (✓) اور غلط جملوں کے آگے (✗) کا نشان لگائیے۔** (۰۵)

| | |
|---|---|
| ۱۔ کتاب مختلف جگہوں کی سیر کرواتی ہے۔ | |
| ۲۔ ہمیں ہر روز دانت صاف نہیں کرنے چاہیں۔ | |
| ۳۔ مچھروں کی وجہ سے بیماریوں کا خطرہ رہتا ہے۔ | |
| ۴۔ ہوا کے بغیر ہم زندہ رہ سکتے ہیں۔ | |
| ۵۔ پاکستان کی سب سے بڑی بندرگاہ کراچی میں ہے۔ | |

**(ج) کالم الف کو کالم ب سے ملا کر جُملے مکمل کیجیے۔** (۰۵)

| کالم الف | | | کالم ب |
|---|---|---|---|
| سیلاب ایک | • | • | اچھے طریقے سے رہیں۔ |
| پڑوسیوں کے ساتھ | • | • | صادق کہہ کر پکارتے تھے۔ |
| ۱۴ اگست ہمارا | • | • | بہت ترقی کر لی ہے۔ |
| کافر بھی آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعلیٰ آلِہٖ وَاَصْحابِہٖ وَسَلَّم کو | • | • | قدرتی آفت ہے۔ |
| آج کل سائنس نے | • | • | قومی تہوار ہے۔ |

**(د) پہلا مصرعہ لکھ کر شعر مکمل کیجیے۔** (۰۵)

۱۔ ________ پودے بھی جھومتے ہیں، لچکتی ہیں ڈالیاں

۲۔ ________ اُجالا ہوا بُرجِ عرشِ خُدا کا

**سوال نمبر ۲ : مندرجہ ذیل میں سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے۔** (۲۰)

(الف) اللہ پاک کی نعمتوں پر ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

(ہ) ایک طالب علم کو کس چیز سے محبت ہونی چاہیے؟

(ب) علاقے کے لوگ کمال صاحب سے کیوں خوش تھے؟

(ج) ۱۴ اگست کو قومی تہوار کیوں کہتے ہیں؟

(د) صادق اور امین کے کیا معنی ہیں؟

(و) ہم جماعت بچوں کا ہم پر کیا حق ہے؟

(ز) قدرتی آفات سے کس طرح بچا جا سکتا ہے؟

**سوال نمبر ۳:**

**(الف) "و" لگا کر کوئی بھی پانچ مرکب الفاظ لکھیے۔** (۰۵)

**(ب) "ی" اور "ے" کی آواز والے پانچ پانچ الفاظ لکھیے۔** (۰۵)

**(ج) مندرجہ ذیل الفاظ کو درست ارکان میں توڑیے۔** (۰۳)

مُعلّم   حیثیت   مُحبّت

**(د) مندرجہ ذیل پر اعراب لگائیے۔** (۰۲)

حسب معمول   نقصانات   آتش فشاں   قدرتی آفت

**سوال نمبر ۴:**

**(الف) مندرجہ ذیل جملوں میں سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ الگ الگ لکھیے۔** (۰۵)

۱۔ سارا نے گاؤں کی سیر کی۔

۲۔ ندا کے پاس ایک پرندہ ہے۔

۳۔ شیر ایک جنگلی جانور ہے۔

۴۔ کراچی ایک بڑا شہر ہے۔

۵۔ علی کے پاس ایک کتاب ہے۔

**(ب) سابقوں اور لاحقوں والے پانچ پانچ الفاظ لکھیے۔** (۰۵)

**(ج) مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد اور مترادف لکھیے۔** (۰۵)

آباد   مشکل   اُجالا   بُزدل   آزاد

**(د) مندرجہ ذیل جملوں کو حرفِ جار کی مدد سے مکمل کیجیے۔** (۰۳)

۱۔ چاند آسمان ______ چمکتا ہے۔

۲۔ اسلم ______ پاس ایک کتاب ہے۔

۳۔ وہ لاہور ______ واپس آگیا ہے۔

۴۔ بلی ______ چوٹ لگی ہے۔

۵۔ جاوید ______ پانی پیا۔

۶۔ پرندے ہوا ______ اُڑ رہے ہیں

**(ہ) دیے گئے جملوں کو زمانہ ماضی کے جملوں میں تبدیل کیجیے۔** (۰۲)

۱۔ بارش ہو رہی ہے۔

۲۔ ہم لاہور سے آئیں گے۔

۳۔ اسد بازار جائے گا۔

۴۔ علی اسکول جاتا ہے۔

سوال نمبر ۵ : عید میلاد النبی کے عنوان پر اپنے الفاظ میں مضمون لکھیے۔ (۰۵)

سوال نمبر ۶ : اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر کے نام بیماری کی وجہ سے ایک دن کی رخصت کی درخواست لکھیے۔ (۰۵)

سوال نمبر ۷ : املا۔ (۰۵)

# حصہ زبانی

سوال نمبر ۸ :

(الف) مندرجہ ذیل عبارت کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیے۔ (۰۵)

ہمارا وطن پاکستان ہمارے لیے اللہ پاک کی عظیم نعمت ہے۔ پاکستان میں ہم آزادی کے ساتھ اسلامی تعلیمات کے مطابق زندگی گزارتے ہیں۔ پاکستان کو اللہ پاک نے بلند وبالا پہاڑ، حسین وادیاں، گہرے سمندر، بہتے دریا، سرسبز وشاداب باغات، لہلہاتے کھیت اور زمین کے اندر چھپے ہوئے بے شمار خزانے عطا فرمائے ہیں۔ پاکستان کے لوگ بڑے محنتی اور جفاکش ہیں۔ یہ لوگ ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں اور مل جُل کر رہتے ہیں۔ خدا ہمارے وطن کو ہمیشہ سلامت رکھے۔

(ب) اپنی کتاب کی نظم "بچے کی دعا" کے دو اشعار سنائیے۔ (۰۵)